سوال نمبر:1617 منجانب: محمد نثار صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| | کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم از راہ کرام ارشاد فرمائیں گے | |
| (الف) | آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم میں کل کتنے Directors کام کر رہے ہیں؟ | اس وقت محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم نے (تین) ڈائریکٹر کام کر رہے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں<br>1۔ڈائیریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (E&SE) خیبر پختونخواہ<br>2۔ڈائریکٹر کریکولم اینڈ ٹیچر ایجوکیشن (DCTE) ایبٹ آباد<br>3۔ڈائریکٹر پروفیشنل ڈیولپمنٹ (DPD) لڑمہ پشاور |
| (ب) | ضم اضلاع کے ڈائریکٹر کی پوسٹ کتنے عرصے سے خالی ہے؟ اور اس پوسٹ پر کون کام کر رہا ہے؟ اسکی تعلیمی قابلیت ،بنیادی سکیل، عرصہ تعیناتی اور تعیناتی کی قانونی حیثیت بمعہ رولز فراہم کی جائے۔ | • 2018 انضمام کے بعد قبائلی اضلاع کو صوبائی حکومت خیبر پختونخواہ کے زیر کنٹرول لانے کے بعد صوبائی حکومت نے ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن فاٹا کو E&SE ڈیپارٹمنٹ بتاریخ 24-10-2018 کے زیر اثر لایا گیا۔<br>• اس کے بعد بتاریخ 14-12-2018 فاٹا ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کو صوبہ خیبر پختونخواہ کے ڈائریکٹوریٹ میں ضم کیا گیا اور ساتھ میں یہ ہدایات کی گئی کہ تمام سابقہ فاٹا ضلعی تعلیمی افسران تمام معاملات ڈائریکٹوریٹ E&SE کے ذریعے چلائے اور تمام اختیارات ڈائریکٹر E&SE کو سپرد کئے گئے۔<br>• بتاریخ 08-01-2019 صوبائی حکومت کے ایک اعلامیہ کے مطابق سابقہ (Defunct) ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے تمام ملازمین کو صوبائی ڈائریکٹوریٹ E&SE کو منتقل ہونے کا کہا گیا۔<br>• لہٰذا قبائلی اضلاع کے ضم ہونے کے بعد تمام معاملات Director of E&SE کے ذریعے چل رہے ہیں۔<br>• میں اس معزز ایوان کے علم میں یہ بات بھی لانا موزوں سمجھتا ہوں کہ ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن فاٹا کے ساتھ ساتھ ہیلتھ ڈائریکٹوریٹ فاٹا کو بھی DG Health کے زیر نگرانی ہیں اور ان کے علاوہ فشریز، ہائر ایجوکیشن، زکواۃ، عشر، سوشل ویلفیر کو بھی صوبائی ڈائریکٹوریٹ میں ضم کیا گیا ہے۔ |